SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# Press Release

February 6, 2018

***For immediate release***

آسان کاروبار: ایس ای سی پی نے کمپنی رجسٹریشن کا عمل آسان کر دیا

اسلام آباد(فروری 6)سکیورٹیزاینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے کاروبار کرنے کو آسان بنانے کے لئے کی جانے والی اصلاحات کے تسلسل میں نئ کمپنی کی رجسٹریشن کے عمل کو مزید سہل بناتے ہوئے کمپنی کے لئے نام کے حصول اور بعدازاں کمپنی کی رجسٹریشن کو ایک ہی عمل کا حصہ بنادیا ہے۔ کمپنی کی رجسٹریشن کے طریق کار میں اس نمایاں تبدیلی کے بعد اب آن لائن طریقے سے کمپنی کی رجسٹریشن چار گھنٹوں میں ممکن ہو سکے گی۔ کمپنی رجسٹریشن کے مختلف مرحلوں کو یکجا کرنے سے ایک سنگل ممبر کمپنی جس کا اداشدہ سرمایہ ایک لاکھ روپے تک ہو کی آن لائن کمپنی رجسٹریشن کی فیس میں750 روپے کی کمپنی، مینول رجسٹریشن کی فیس میں2200 روپے کی کمی ہو گئی ہے۔

ایس ای سی پی کی جانب سے کمپنی کے نام کی درخواست اور کمپنی کی رجسٹریشن کے عمل کو اکٹھا کرنا ورلڈ بینک کی رپورٹ میں کاروبار کے لئے آسانیاں فراہم کرنے والے عوامل کے عین مطابق ہے۔
کمپنی رجسٹریشن کے طریق کار میں تبدیلی کے بعد اب کمپنی رجسٹرڈ کروانے کے خواہش مند افراد کو صرف ایک درخواست جمع کروانی ہو گی جس میں کمپنی کے لئے تین نام تجویز کرنے ہوں گے جبکہ اسی درخواست کے ساتھ ہی مجوزہ کمپنی کا میمورنڈم آف ایسوسی ایئشن اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایئشن بھی جمع کروانے ہوں گے۔ کمپنی کی رجسٹریشن کی درخواست کے ساتھ ہی کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کا نام بھی ساتھ ہی تجویز کیا جا سکتا ہے۔

کمپنی کی رجسٹریشن کے مختلف مرحلوں کو یکجا کرنے سے کمپنی رجسٹریشن کی فیس میں بھی نمایاں کمی ہو گئی ہے۔ کمپنی کا نام محفوظ کروانے اور کمپنی کی رجسٹریشن کے عمل کو یکجا کرنے سے ایک کمپنی جس کا اداشدہ سرمایہ ایک لاکھ روپے تک ہو، کی آن لائن رجسٹریشن کی فیس پندرہ سو پچاس روپے ہے جبکہ مینول طریقے سے یہ فیس تین ہزار روپے ہے۔پہلے آن لائن طریق سے رجسٹریشن کی فیس دو ہزار تین سو روپے تھی جبکہ کمپنی رجسٹریشن کی مینول فیس چار ہزار پانچ سو روپے تھی۔

ایس ای سی پی ملک میں کاروباری سرگرمیوں کے لئے سہل اور سادہ طریق کار کی اہمیت سے آگاہ ہے اور ایسی اصلاحات کا عمل جاری رکھے گی جس سے معیشت کو دستاویزی شکل دی جا سکے اور کارپوریٹ سیکٹر کو فروغ حاصل ہو۔